**05.08.2026**

**2115 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........................ محمد عمار

**Music**

------------------------------

☆ پارلیمنٹ نے سپریم کورٹ میں ججوں کی تعداد بڑھا کر 37 کرنے کا بل منظور کر لیا ہے۔

☆ لوک سبھا نے ڈیجیٹل بینکنگ ریکارڈز کو قانونی حیثیت دینے والے بل کو بھی منظوری دی۔

☆ میٹا کے CEO مارک زکربرگ نے بچوں کے جنسی استحصال سے متعلق مواد، Deepfake مواد اور پلیٹ فارم کی خامیوں پر بھارت سرکار سے معذرت کا اظہار کیا ہے۔

☆ دفعہ 370 اور 35A کی منسوخی کے سات سال مکمل ہوگئے ہیں۔ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا کہ ان آئینی تبدیلیوں سے جموں و کشمیر اور لداخ میں ترقی اور عوام کو بااختیار بنانے کے عمل کو فروغ ملا ہے۔

☆ بھارت نے پاکستان سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ اپنے قبضے والے جموں و کشمیر PoJK میں خونریزی بند کرے، دہشت گرد نیٹ ورکس کا خاتمہ کرے اور بھارت کے ان علاقوں سے دستبردار ہو جائے، جن پر اس نے غیر قانونی قبضہ کر رکھا ہے۔

☆ اور... کوریا ماسٹرز بیڈمنٹن ٹورنامنٹ میں تنوی شرما اور انمول Kharb سمیت بھارت کے سات کھلاڑی، خواتین سنگلز کے دوسرے راؤنڈ میں پہنچ گئی ہیں۔

------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**RS Supreme Court Bill**

پارلیمنٹ نے سپریم کورٹ میں ججوں کی تعداد سے متعلق ترمیمی بل 2026 منظور کرلیا ہے۔ راجیہ سبھا میں بحث

کے بعد اِس بل کو واپس لوک سبھا بھیج دیا گیا۔ لوک سبھا نے اِس بل کو پیر کے روز منظور کیا تھا۔ یہ بل سپریم کورٹ میں ججوں کی تعداد سے متعلق قانون 1956 میں ترمیم کرے گا، جس کے تحت بھارت کے چیف جسٹس کے علاوہ، عدالتِ عظمیٰ میں ججوں کی موجودہ تعداد 33 سے بڑھاکر 37 کی جائے گی۔ قانون اور انصاف کے مرکزی وزیر ارجن رام میگھوال نے راجیہ سبھا میں بل پیش کیا۔ راجیہ سبھا میں بحث کا جواب دیتے ہوئے، جناب میگھوال نے کہا کہ نریندر مودی حکومت، ''سب کا ساتھ، سب کا وِکاس، سب کا وشواس اور سب کا پریاس'' کے مقصد کے ساتھ کام کررہی ہے۔

انہوں نے کہا کہ عدلیہ پر بڑھتے کام کے بوجھ اور ابھرتے ہوئے آئینی اور قانونی معاملات کے پیشِ نظر سپریم کورٹ میں ججوں کی تعداد میں اضافہ، وقت کی ضرورت اور ایک بروقت اصلاح ہے۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ سپریم کورٹ میں ججوں کی تعداد سے متعلق ترمیمی ایکٹ 2019 کے ذریعے اصل قانون میں ترمیم کرتے ہوئے، پچھلی مرتبہ بھارتی چیف جسٹس کے علاوہ، سپریم کورٹ میں ججوں کی تعداد 30 سے بڑھاکر 33 کی گئی تھی۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے....

VC - Dipendra

سپریم کورٹ میں زیرِ التوا معاملات کے بوجھ سے نمٹنے کے لیے ججوں کی تعداد میں اضافہ ایک مؤثر حل ہے۔ اِس سال پہلی جنوری تک سپریم کورٹ میں 92 ہزار سے زیادہ مقدمات زیرِ التوا تھے۔ اگرچہ 2019 سے سپریم کورٹ تقریباً اپنی منظور شدہ مکمل تعداد یعنی چیف جسٹس سمیت 34 ججوں کے ساتھ کام کر رہی ہے، پھر بھی پچھلے سال 75 ہزار 410 نئے مقدمات درج کیے گئے اور 65 ہزار سے زیادہ مقدمات نمٹائے گئے۔ سپریم کورٹ میں کیسز کی تعداد مسلسل بڑھ رہی ہے کیونکہ نئے کیسز کے اندراج اور ان کے حتمی فیصلوں کے درمیان ایک مستقل فرق موجود ہے۔ توقع ہے کہ سپریم کورٹ میں ججوں کی تعداد بڑھانے سے مقدمات کے جلد فیصلے ہوں گے اور عوام کو بروقت انصاف مل سکے گا۔

دیپیندر کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ارجمند علی خان۔

**LS Adjourn**

لوک سبھا نے بینکرس بکس کے شواہد سے متعلق بل، 2026 کو منظوری دی۔ اس بل کا مقصد بینکوں کے ریکارڈ سے متعلق شواہد کے قوانین کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا اور انہیں موجودہ ڈیجیٹل بینکاری نظام کے مطابق بنانا ہے۔ اس بل کے ذریعے قانونی فریم ورک کو جدید بنایا جائے گا تاکہ موجودہ بینکاری نظام کی ضروریات پوری کی جا سکیں۔ اس میں یہ بھی التزام ہے کہ بینک کے ریکارڈ کی الیکٹرانک یا ڈیجیٹل نقل، عدالت میں بطور ثبوت قابلِ قبول، قانونی طور پر درست اور نافذ العمل ہوگی۔

مرکزی وزیرِ خزانہ نرملا سیتارمن نے دوپہر 2 بجے ایوان کی کارروائی دوبارہ شروع ہونے پر یہ بل پیش کیا۔

اپوزیشن ارکان کی جانب سے طلباء کے احتجاج کے دوران مبینہ پولیس کارروائی سمیت مختلف معاملات پر مسلسل ہنگامہ آرائی کے باوجود، لوک سبھا نے بغیر کسی بحث کے اس بل کو منظور کر لیا۔ بل کی منظوری کے بعد لوک سبھا کی کارروائی دن بھر کے لیے ملتوی کر دی گئی۔x

**LS Vaishnaw Online**

الیکٹرانکس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ حکومت بچوں کی آن لائن سرگرمیوں سے وابستہ خطرات سے واقف ہے، جن میں نقصان دہ مواد تک رسائی، سائبر طریقے سے ڈرانہ دھمکانہ، آن لائن استحصال اور ڈیجیٹل لت شامل ہیں۔ آج لوک سبھا میں ایک سوال کے تحریری جواب میں جناب ویشنو نے کہا کہ حکومت، عالمی واقعات اور آن لائن سیفٹی سے متعلق بدلتے ہوئے بین الاقوامی انضباطی طریقۂ کار سے آگاہ رہتی ہے، جن میں ڈیجیٹل ماحول میں بچوں کے تحفظ کے سلسلے میں مختلف قانونی اختیارات کے تحت کئے گئے اقدامات شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ڈیجیٹل ذاتی ڈیٹا کے تحفظ سے متعلق قانون 2023 نافذ کیا جاچکا ہے، جو ڈیجیٹل ذاتی ڈیٹا کی خاطر ایک قانونی طریقۂ کار قائم کرتا ہے۔ DPDP ایکٹ بچوں کی آن لائن رازداری کے تحفظ کیلئے ایک قانونی طریقۂ کار بھی فراہم کرتا ہے۔x

## Zuckerberg Meta

میٹا، جو دنیا کے کئی بڑے سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کی اصل مالک ہے، کے CEO مارک زکربرگ نے آج بھارت سرکار سے بچوں کے جنسی استحصال سے متعلق مواد، اس سے متعلق دیگر مواد، Deepfake مواد اور پلیٹ فارم کے کام کاج میں ہونے والی غلطیوں پر معذرت کا اظہار کیا۔ ذرائع کے مطابق میٹا نے یہ بھی تسلیم کیا کہ مخصوص قسم کے مواد کو زیادہ لوگوں تک پہنچانے کیلئے بڑی رقم ادا کی جاتی رہی۔ بھارت سرکار نے میٹا کو واضح کیا کہ وہ صرف ثالث پلیٹ فارم کی تعریف کے تحت نہیں آتی، کیونکہ وہ خود فیصلہ کرتی ہے کہ کون سا مواد کس صارف کو دکھایا جائے۔ اس پر میٹا نے اپنی غلطی تسلیم کرتے ہوئے معذرت کا اظہار کیا۔x

## Rev PM Article-370

آج دفعہ 370 اور 35 اے کو تاریخی طور پر منسوخ کئے جانے کو سات برس مکمل ہوگئے ہیں۔ اِس موقع پر اپنے پیغام میں، وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا کہ 2019 میں اسی دن دفعہ 370 اور 35 اے کو منسوخ کئے جانے کے بعد سے، جموں و کشمیر اور لداخ کے عوام کی زندگیوں میں کایا پلٹ کردینے والی تبدیلیاں آئی ہیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر، جناب مودی نے اس بات کو اُجاگر کیا کہ مرکز کے زیر انتظام دونوں علاقوں میں بنیادی ڈھانچے میں توسیع ہوئی ہے اور تعلیم، حفظانِ صحت، صنعتکاری اور کھیل کود جیسے شعبوں میں مواقع میں اضافہ ہوا ہے۔

انہوں نے کہا کہ خواتین اور حاشیے پر رہ رہی برادریوں اور اُن افراد کو، جنہیں دہائیوں سے بنیادی آئینی حقوق نہیں دیئے گئے، انہیں آئین کے مکمل نفاذ سے بااختیار بنایا گیا ہے۔ انہوں نے جموں و کشمیر کے ساتھ ساتھ لداخ کی ترقی کے حکومت کے عزم کا اعادہ کیا تاکہ اِس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ ہر شہری کو وکست بھارت کیلئے بڑے خواب دیکھنے، انہیں شرمندۂ تعبیر کرنے اور اس سلسلے میں تعاون کرنے کا موقع حاصل ہو۔ دفعہ 370 کو منسوخ کئے جانے کے سات برس مکمل ہونے کے موقع پر قانون و انصاف کے مرکزی وزیر ارجن رام میگھوال نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ اِس تاریخی قدم سے جموں و کشمیر میں ترقی میں تیزی آئی ہے۔

SB - 2045 - Arjun Ram Meghwal

دفعہ 370 کو منسوخ کئے جانے کے سات برس بعد جموں و کشمیر میں بنیادی ڈھانچے، کنکٹویٹی، حکمرانی، سیاحت، سرمایہ کاری اور سکیورٹی میں خاطر خواہ ترقی ہوئی ہے۔ مرکز کے زیرِ انتظام علاقے میں بہتر بنیادی ڈھانچے، کنکٹیویٹی،

عوامی خدمات اور اقتصادی ترقی کے ذریعے یکسر تبدیلی آئی ہے، جس سے حکمرانی اور معیارِ زندگی بہتر ہوئے ہیں۔x

## Punjab Delhi Protest Target

پنجاب پولیس نے طلباء کے حالیہ احتجاج کے دوران دلّی کے جنترمنتر کو نشانہ بنانے کے سلسلے میں دہشت گردی کے ایک سرحد پار گروپ کے منصوبے کا پردہ فاش کیا ہے۔ امرتسر پولیس کی جانب سے پتہ لگائے گئے ISI کے حامی سرحد پار دہشت گردی کے دو گروپوں نے تحقیقات کے دوران انکشاف کیا کہ وہ پیٹرول بموں کے ساتھ احتجاج کے مقام پر حملہ کرنے کے ارادے سے دلّی گئے تھے۔ امرتسر کے پولیس کمشنر گُرپریت سنگھ Bhullar نے کہا کہ حراست میں لئے گئے 9 افراد میں سے 4 کم عمر کے ہیں اور انہیں ISI کے آقاؤں نے تربیت دی ہے۔x

## RBI-Governer

بھارتیہ ریزرو بینک RBI کی مالیاتی پالیسی کمیٹی نے آج اپنی پالیسی میٹنگ کے اختتام پر اہم پالیسی ریپو ریٹ میں کوئی تبدیلی نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے اور اسے پانچ اعشاریہ دو پانچ فیصد برقرار رکھا ہے۔ فیصلوں کا اعلان کرتے ہوئے، RBI کے گورنر سنجے ملہوترا نے کہا کہ MPC نے اپنے رخ میں بھی کوئی تبدیلی نہ کرنے کا فیصلہ کیا، جبکہ موجودہ مالی سال میں ترقی کی شرح کے تخمینے کو چھ اعشاریہ چھ فیصد سے بڑھاکر چھ اعشاریہ سات فیصد کردیا۔x

## Sonowal Meeting

بندرگاہوں، جہاز رانی اور آبی گزر گاہوں کے وزیر سربانند سونووال نے آج مغربی ایشیا اور دیگر خطوں میں بدلتی ہوئی صورتحال کے درمیان بھارتی ملاحوں کی سلامتی اور سکیورٹی کا جائزہ لینے کیلئے سینئر عہدیداران کے ساتھ ایک اعلیٰ سطحی جائزہ میٹنگ کی صدارت کی۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر، جناب سونووال نے کہا کہ مرکز نے 'مسلسل ملاح پہلے' کا طریقۂ کار اختیار کیا ہے، جس کے سبب دنیا بھر میں ملاحوں کی خدمات فراہم کرنے والا بھارت، دنیا کا دوسرا سب سے بڑا ملک بنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ DGCOMM سینٹر مصیبت کے وقت الرٹ کی نگرانی کرنے اور بچاؤ کارروائیوں میں تال میل کی خاطر ہر وقت کام کررہا ہے۔

جاری بحران کے دوران پھنسے ہوئے چار ہزار سے زیادہ بھارتی ملاحوں کو بحفاظت واپس لایا گیا ہے، جبکہ ہنگامی صورتحال میں کارروائی کرنے والے وسیلوں نے 16 ہزار سے زیادہ کالز اور 40 ہزار ای میل کا جواب دیا ہے۔x

## India Pakistan

بھارت نے آج پاکستان سے کہا کہ وہ اپنے قبضے والے جموں وکشمیر PoJK میں خونریزی بند کرے، اپنی سرزمین سے سرگرم دہشت گرد تنظیموں کے خلاف قابلِ اعتماد، قابلِ تصدیق اور ٹھوس کارروائی کرے نیز بھارت کے ان تمام علاقوں سے فوری طور پر دستبردار ہو جائے جن پر اس نے غیر قانونی طور پر زبردستی قبضہ کر رکھا ہے۔

وزارتِ خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال، پاکستان کے وزیرِ خارجہ کی جانب سے نام نہاد یومِ استحصال سے متعلق دیے گئے بیانات پر صحافیوں کے سوالوں کا جواب دے رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت، پاکستان کی جانب سے نام نہاد یومِ استحصال منانے کی کوششوں کو مکمل طور پر مسترد کرتا ہے۔

جناب جیسوال نے مزید کہا کہ مرکز کے زیر انتظام علاقے، جموں وکشمیر اور لداخ، ہمیشہ سے بھارت کا اٹوٹ اور ناقابلِ تنسیخ حصہ رہے ہیں اور آئندہ بھی رہیں گے۔ 5 اگست 2019 کو کیے گئے آئینی اقدامات، بھارت کا

اندرونی معاملہ ہیں اور پاکستان کو ان اقدامات پر تبصرہ کرنے کا کوئی حق حاصل نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی برادری، اس وقت پاکستان کے زیرِ قبضہ جموں و کشمیر PoJK میں بنیادی انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کا مشاہدہ کر رہی ہے۔x

## IMD Weather

بھارتی محکمۂ موسمیات نے کل، اتراکھنڈ، جھارکھنڈ، مغربی بنگال کے گنگائی علاقے، اڈیشہ، مدھیہ مہاراشٹر، کونکن اور گوا میں شدید سے انتہائی شدید بارش کا Orange الرٹ جاری کیا ہے۔ محکمے نے کل، انڈمان اور نکوبار جزیرے، بہار، چھتیس گڑھ، کرناٹک کے ساحلی علاقے، مشرقی راجستھان، ہماچل پردیش، جھارکھنڈ، ہریانہ، چنڈی گڑھ اور دلّی میں بھی شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

مدھیہ پردیش، شمال مشرق کے کچھ حصوں، جنوبی کرناٹک، ذیلی ہمالیائی علاقے، مغربی بنگال، تمل ناڈو، پڈوچیری، کرائیکل اور اترپردیش میں اسی طرح کی صورتحال کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ x

## Korea Masters Badminton

جنوبی کوریا کے Asan میں جاری کوریا ماسٹرز بیڈمنٹن ٹورنامنٹ میں بھارتی کھلاڑیوں کی کارکردگی ملی جلی رہی۔ خواتین سنگلز میں سبھی سات کھلاڑی دوسرے راؤنڈ میں پہنچنے میں کامیاب رہیں۔ وہیں مردوں کے سنگلز میں سبھی 6 کھلاڑی افتتاحی راؤنڈ میں ہی باہر ہوگئے۔ خواتین سنگلز میں انمول Kharb، مانسی سنگھ، Rakshitha رام راج، Ashmita Chaliha، ایشا رانی Baruah، تنوی شرما اور Shriyanshi Valishetty نے شاندار جیت کے ساتھ دوسرے راؤنڈ میں جگہ بنالی۔

انمول Kharb نے ہانگ کانگ چین کی Lo Sin Yan کو ہرایا، جبکہ مانسی سنگھ نے کوریا کی Kim Joo Eun کو شکست دی۔ رَکشِتا رام راج نے کوریا کی A Yeon Yoo کو، جبکہ Ashmita Chaliha نے جاپان کی Ririna Hiramoto کو ہرایا۔

ایشا رانی Baruah نے کوریا کی Lee So Hee کو، وہیں تنوی شرما نے چین کی An Qi Yuan کو شکست دی۔ Shriyanshi Valishetty بھی چینی تاپے کی Yu Po Pai کو شکست دے کر دوسرے راؤنڈ میں پہنچ گئیں۔ حالانکہ Aakarshi کشیپ کو راؤنڈ آف 32 میں کوریا کی Min Ji Kim کے ہاتھوں شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ خواتین کے ڈبلز مقابلے میں سونالی سنگھ اور Ritika Thaker، کوریا کی Ji Sun Bang اور Hyun Ji Jang کو ہراکر دوسرے راؤنڈ میں پہنچ گئیں۔ مکسڈ ڈبلز میں چھٹے درجے کی Shruti مشرا اور ایشان بھٹناگر نے اپنے ہم وطن کھلاڑی ساتوک ریڈی Kanapuram اور رادھیکا شرما کو شکست دے کر اگلے راؤنڈ میں داخل ہوگئے۔

مردوں کے سنگلز مقابلے میں سابقہ عالمی نمبر ایک کھلاڑی کدامبی سری کانت، Mithun منجو ناتھ، کرن جارج، رونق چوہان، Saneeth دیانند اور ترون Mannepalli کو پہلے راؤنڈ میں شکست کا سامنا کرنا پڑا۔

مردوں کے ڈبلز مقابلے میں کرشنا پرساد Garaga اور پرتھوی کرشنا مورتھی رائے کی جوڑی نے عالمی درجہ بندی میں چھٹے نمبر کے تھائی لینڈ کی جوڑی کو 16-21 اور 18-21 سے ہراکر دوسرے راؤنڈ میں پہنچ گئی۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆